طالب زبان طوطیٔ دهلی نژاد را
جز در دهان بلبل آمل ندیده ام

تذکره

طالب آملی

(معه انتخاب کلام)

جہانگیر کے دربار کے ملک الشعراء طالب آملی
حیات مع تبصرہ بر کلام و انتخاب کلام

مولفه
لیفٹننٹ کرنل خواجه عبدالرشید

۱۹۶۵ء
کراچی

طالب زبان طوطیٔ دہلی نژاد ز
جز در دہان بلبل آمل ندیدہ ام

تذکرہ

طالب آملی

(معہ انتخاب کلام)

شہنشاہ نورالدین جہانگیر کے دربار کے ملک الشعراء طالب آملی
کے سوانح حیات مع تبصرہ بر کلام و انتخاب کلام

مولفہ

لیفٹننٹ کرنل خواجہ عبدالرشید

۱۹۶۵ء

کراچی

جملہ حقوق محفوظ

طباعت اول	۱۹۶۵ء
تعداد	ایک ہزار
مطبع	فیروز سنز کراچی

قیمت پانچ روپے

ملنے کا پتہ

۱- فیروز سنز - بندر روڈ ، کراچی

۲- کتاب محل - الفنسٹن اسٹریٹ - کراچی

۳- زوار بک ڈپو - انویرسٹی روڈ - صدر - کراچی

صاحب طرز شگفتہ نگار اور شاعر ابن انشاء مرحوم
کی یاد میں [illegible] ترقی اردو [illegible]
کی لائبریری [illegible] کی جاتی ہے

فہرست

۱ — انتساب

۲ — تاریخ اشاعت — از حضرت حفیظ ہوشیار پوری

۳ — کار عشق — از ڈاکٹر خواجہ عبدالحمید عرفانی — ۷
ایم - اے- پی - ایچ - ڈی

۴ — نشۂ صہبا — از مؤلف — ۱۱

۵ — بہ حباب اندر

نام اور ولدیت — ۱۳
ولادت اور وفات — ۱۷
خاندانی حالات — ۲۵
تعلیم — ۲۸
ورود ہندوستان اور سیاحت — ۳۸
تعلقات و روابطہ — ۴۳
دیوان کے مختلف نسخے — ۵۰

۶ — انتخاب کلام

مثنویات — ۶۳
غزلیات — ۷۱
رباعیات — ۱۲۵

۷ — اشاریہ — ۱۳۱

۸ — کتابیات — ۱۳۶

من ان نوام زان بودم سپم از خو | بوی تو دلم بر ربود عقیم زخود
یکرنگ توام چنانکه هنگام عتاب | نیمی ز تو آزرده شوم نیم از خود

صاحبش را مراد حاصل باد
کاتبش را خدا یامرزاد

اللهم اغفر لصاحبه ولقایله ولکاتبه ولقاریه ولمن نظر فیه
ولجمیع المومنین والمومنات والمسلمین والمسلمات الاحیاء
منهم والاموات انک مجیب الدعوات برحمتک یا ارحم الراحمین

نوشته بماند سیه بر سفید | نویسنده زنیست فردا امید

نوشته بماند بخط غریب
که نصر من الله فتح قریب

تحریر فی التاریخ سیم ماه
محرم الحرام سنه ۱۰۶۳

آخر دیوان خطی طالب آملی **از نسخه** مملوکه شیخ محمد دین، معه تاریخ تحریر و تاریخ وفات طالب و نام خطاط

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

انتساب

طالب آملی پر یہ پہلی کتاب، میں بصد احترام اپنے دادا، نانا، اور ان کے چھوٹے بھائی کی خدمت میں پیش کرتا ہوں جنکے فارسی ادب کے ذوق نے اس صدی کے اوائل میں کئی ایک ادیبوں اور شاعروں کی روح کو تازگی بخشی۔

الحاج خواجہ کریم بخش مرحوم
خان بہادر خواجہ رحیم بخش مرحوم
خواجہ امیر بخش مرحوم

حکیم احمد شجاع۔ بی۔ اے۔ (علیگ) ان بزرگوں کے متعلق رقمطراز ہیں :

''خواجہ رحیم بخش، خواجہ کریم بخش، خواجہ امیر بخش، اس مجلس کے روح رواں تھے، ان کی جرأت تنقید اور جوہر شناسی نے اس زمانے کے نوجوان ادیبوں اور شاعروں کی تربیت میں وہ حصہ لیا جو ان کے اپنے جوہر کمال کے تقاضات ارتقا سے کسی طرح کم نہیں۔ اس زمانے میں سر محمد اقبال جبتک اپنا کلام پہلے ان بزرگوں کو نہ سنا لیتے تھے، اسے کسی مجلس میں نہ پڑھتے تھے''۔

(خون بہا۔ ص ۱۹۹۔ مطبوعہ تاج کمپنی، لاہور۔ ۱۹۴۳ء)

تاریخ اشاعت تذکره طالب آملی
از
حفیظ هوشیار پوری

خواجهٔ ما صاحب طبع نکو
تذکرهٔ طالب آمل از او
در طلب سال اشاعت حفیظ
بهر چه گشتی نگران چار سو
پائے طلب را بکشیده برون

ب = ۲

"تذکرهٔ شاعر آمل" بگو

۱۹۶۷ — ۲ = ۱۹۶۵

کار عشق

دکتر خواجه عبدالحمید عرفانی
(ایم - اے- پی - ایچ - ڈی)

متن مقدمه و کتاب تذکره طالب آملی را تصفح میکردم - از تحقیق و تفحص مؤلف استفاده و از خواندن اشعار منتخب طالب لذت می بردم - بے اختیار مصراع مرحوم رضائی شاعر وارسته و اهل حال تهته "بلے این کار عشق این کار عشق است،، بر زبانم جاری شد - طالب بدون تردید یکی از قوی ترین و معروف ترین شعرأ دورۂ شاهان تیموری در شبه قاره هند و پاکستان می باشد - ولی دیوان او هنوز بزیور طبع آراسته نشده و به استثنای عده معدودے مردم شبه قاره و ایران با ملك الشعرا دربار جهانگیر شاه (که در تاریخ نظم و نثر فارسی و همچنین در تاریخ مشترك فرهنگی و ادبی ایران و پاکستان و هند معروفیت دارد) آشنائی ندارد - انتظار می رفت که دیوان طالب یا انتخاب نسبتاً مفصل وقانع کننده‌ای از اشعار دلپذیرش با مقدمه و حواشی توسط یکی از استادان ادبیات فارسی یا موسسئه فرهنگی چاپ و منتشر شود - اما سالها گذشت و هیچ اقدامی برائے احیأ آن شاعر که علاوه بر مقام شعری اش رابطه بسیار خوبی بین در کشور همسایه وهم فرهنگ وهم کیش است نکردیم و امروز انتخاب دیوان ملك الشعرا طالب آملی با مقدمه و تدوین سرهنگ خواجه عبدالرشید مدیر موسسه بزرگ طبی و بیمارستان جناح چاپ و بدست

دوستداران زبان شیرین فارسی میرسد ـ دکتر خواجه عبدالرشید در فن تحقیق و مقابله مهارت کم نظیری از خود نشان می دهد و در انتخاب اشعار تنوع و وسعت فکر و بیان شاعر را بطرز دلپذیر و جالبی عرضه داشته و در اظهار عقیده خود دربارهٔ شعر بعضی از شعرا معروف جرأت و شهامت بخرج داده است ـ این امر ممکن است کسانی را که کارشان تحقیق و مقابله و مقایسه در ادبیات است به مطالعه و تحقیق جدید تحریك و راهنمائی کند ـ دکتر رشید با چاپ این کتاب حقائق نوین آشکار نموده و برائ متخصص ادبیات فارسی در تازه ای کشوده است ـ

دکتر عبدالرشید آثار متعددی در رشته های متنوع و مختلف از قبیل تاریخ، روا نشناسی و معرفت النفس، فکر و فلسفه اقبال، و تحقیق در مسائل دینی دارد و در اغلب نوشته هایش ابتکارو دید خصوصی از خود نشان داده است ـ اما تذکره طالب آملی نخستین اثر ادبی او میباشد ـ اینجا باید متذکر شد که دکتر رشید زبان فارسی راحتی باصطلاح عموسی بدرس هم نخوانده زیرا در تمام مدتی که دانشجو بود مطالعات او در رشته های فزیك وکیمیا، و طب بوده و بعد از پایان تحصیلات رسمی و اخذلیسانس در طب وارد خدمت در ارتش گردید ـ در زمان جنگ جهانی دوم برائش تصادف تاریخی رخ داد ـ باین معنی که برائ مدتی در ایران ماموریت پیدا کرد ـ دکتر رشید عشق و علاقه به آثار صوفیائ بزرگ اسلامی که اغلب آنها از خاك پاك ایران بودند از نیاگان خود با ارث برده و زمینه فکری او برائ اکتساب و فهم زبان و ادبیات فارسی آماده بود ـ در مدت کوتاهی که دکتر رشید در ایران بسر برد علاوه بر یاد گرفتن زبان عموعی

فارسی بمطالعه آثار بزرگان ادب و عرفان پرداخت و بعد از مراجعت بکشور خود نیز مطالعات خود را دنبال نمود و در مدت نسبتاً بسیار کوتاهی راه صد ساله را پیمود و باهمه گرفتاریهای اداری اطلاعات وسیعی و امعان نظر در قال صاحبان حال مانند میرزا عبدالقادر بیدل، مولوی، و اقبال پیدا کرد ـ ومن کمتر کسی را می شناسم که مانند دکتر عبدالرشید از راه دل براه دانش وارد و از سرچشمه اصلی عرفان بقدر ظرف خود سیراب شده باشد ـ

من از مطالعه آثار علمی و تاریخی و عرفانی مولف بهره برده ام ولی فکر نمی کردم که او در تالیف و تصنیف کتابی مانند تذکره طالب آملی پیش قدم شده و در سنجش انواع شعر فارسی، بالاخص شعر لطیف سبك هندی آنقدر مهارت و ذوق و قریحه ادبی نشان دهد ـ آری همانطوریکه گفتیم این کار غیر مترقبه کار عشق است ـ

درباره متن اشعار طالب باید بگویم که دکتر رشید از قدیمی ترین نسخه خطی دیوان طالب که ضمناً صحیح ترین نسخ آن است استفاده نموده است ـ این مخطوطه در سال ۱۰۴۲ هجری یعنی فقط شش سال بعد از وفات ناهنگام شاعر نوشته شده و هنوز نسخه قدیمی تری دیده نشده است ـ استاد سعید نفیسی دانشمند شهیر ایرانی هنگام مسافرت بپاکستان در سال ۱۹۵۶ عیسوی با دکتر رشید در جهلم ملاقات و نسخه دیوان طالب را ملاحظه کردند ـ بقول استاد شهیر این نسخه بسیار خوب و قدیمی میباشد ـ قول پرفیسور آربری (مستشرق معروف انگلیسی) را خود مولف در مقدمه نقل کرده است ـ

دکتر رشید در مقدمه محققانه خود با مراجعه به تذکره های موجوده با قرائن بسیار قوی تاریخ تولد و تاریخ وفات و همچنین

تاریخ اعطاً لقب ملك الشعرائی را تعین و ضمناً اطلاعاتی سفید جمع آوری کرده است ـ نظر باهمیت تاریخی این مقدمه باید هر چه زود بفارسی ترجمه شود ـ

انتخاب اشعار

در انتخاب و تدوین اشعار مولف ذوق و قریحه بسیار خوبی بکار برده و اشعاری را نقل کرده است که از حیثیت تنوع و باریکی فکر و همچنین از حیثیت زبان و لفظ وسعت فکر و جامعیت کلام شاعر را بخوبی معرفی نماید و اگر چنانچه در تائید گفتهٔ خود اشعاری نقل کنم سخن بدرازا می کشد ـ بهتر همان است که خود آفتاب دلیل آفتاب باشد ـ

بی مناسبت نخواهد بود اگر اینجا اشاره‌ای شود که درمیان دکترهای طب آقای سرهنگ تنها کسی نیست که با شعر و ادبیات فارسی عشق و علاقه داشته و بکار تقریظ و تنقید و تالیف پرداخته باشد ـ ازمیان معاصرین که من شخصاً میشناسم میتوان استاد سعید نفیسی دانشمند شهیر ایران، دکتر جهان شاه صالح رئیس دانشگاه تهران، دکتر نصرة الله کاسمی و دکتر داریوش صبور را نام برد ـ

خلاصه راه دل برهمه کس باز است و خوش بحال کسانیکه بتوانند برائ چند لحظه از گرفتاریهای عقل مادی رهائی پیدا کرده گرفتار دل شوند و کارهائی مانند سرهنگ دکتر عبدالرشید انجام دهند ـ

توفیق مولف را از خداوند متعال مسئلت دارم

حمید عرفانی

کراچی — ۸ ژوئن ۱۹۶۵ء

نشۂ صہبا

منکر نشوی گر بہ غلط دم زنم از عشق
کایں نشہ بمن گر نبود با دگرے ہست

شعر و ادب کا شوق حقیقتاً ایک نشہ ہے۔ اور اس کا کیف کچھ وھی جانتے ھیں جو اس سے پوری طرح سرشار ھوں۔ وہ ھر جرعہ میں کچھ اور ھی کیف پاتے ھیں۔ خواہ وہ خانہ ساز ھو یا نہ ھو۔ اس طرح یہ شوق بڑھتے بڑھتے ادبی نوادر پر بھی حاوی ھو جاتا ھے۔

راقم الحروف کو شروع ھی سے ایسے شہ پاروں کی فراھمی کا شوق رھا ھے۔ اسلئے جہاں کہیں بھی کوئی نادر چیز نظر آئی اسے حاصل کرنے کی کوشش کی۔ حسن اتفاق سے ایک عزیز کے پاس شہنشاہ جہانگیر کے ملک الشعرا، طالب آملی، جسے ''بلبل آمل،، کے نام سے یاد کیا جاتا ھے، کے دیوان کا قلمی نسخہ دکھائی دیا۔ یہ دیوان، جیسا کہ میں مقدمہ میں بالتفصیل واضح کروں گا، بڑا کمیاب ھے۔ میں نے اس موقع کو غنیمت سمجھا۔ اور عزیز مذکور سے بہ صد مشکل اجازت حاصل کر کے اسکے چیدہ چیدہ اشعار نقل کر لئے۔ ایسے کہ اس جز سے کل کا بخوبی اندازہ کیا جا سکے۔ انتخاب اسی ترتیب سے دیا گیا ھے جس سے یہ دیوان مرتب ھوا ھے۔ تحقیق سے یہی پتہ چلتا

ھے کہ یہ مخطوطہ طالب کا غالباً سب سے قدیم مستند نسخہ ھے ۔ اور اس کا مختصر انتخاب کی شکل ھی میں سہی، منظر عام پر لایا جانا ضروری ھے تاکہ تمام اھل علم اس سے استفادہ کر سکیں ۔ بنابریں اس انتخاب کو ایک مقدمہ کے ساتھ، جس میں شاعر، اسکے حالات، دیوان اور خصوصیات کلام پر روشنی ڈالی گئی ھے، پیش کیا جا رھا ھے ۔ میری بڑی خوش قسمتی ھے کہ اللہ تعالی نے مجھے علم و ادب کی اس ناچیز خدمت کی توفیق بخشی ۔

میں نے اپنی بساط کے مطابق شاعر کے کلام پر نظر ڈالی ھے اور اس کا دوسرے نامور شعرا سے موازنہ بھی کیا ھے ۔ میں رفیق خاور صاحب کا بے حد ممنون ھوں کہ انھوں نے از راہ کرم مقدمہ پر نظر ڈالی ھے اور قیاس و نظر سے کام لیتے ھوئے بڑی جانفشانی اور دیدہ وری سے، جو حقیقۃ داد طلب ھے، نقل شدہ اشعار کا متن بھی درست کیا ھے ۔ جس کے لئے میں ان کا تہہ دل سے شکر گزار ھوں ۔ میں اپنے محسن ڈاکٹر خواجہ عبدالحمید عرفانی صاحب کا بھی شکریہ ادا کرنا چاھتا ھوں جنھوں نے اپنا قیمتی وقت نکال کر دیباچہ لکھا ۔ آپ سے بہتر اسوقت مجھے اور کوئی شخص نظر نہیں آیا ۔ اللہ تعالیٰ انھیں جزائے خیر دے ۔ آمین ۔ آخیراً میں اپنے محبوب دوست حضرت حفیظ ھوشیار پوری کا شکریہ ادا کرنا چاھتا ھوں جنھوں نے بڑی کد و کاوش سے تاریخ اشاعت لکھکر مرحمت فرمائی ۔ حفیظ علاوہ ایک بزرگ شاعر ھونے کے فن تاریخ گوئی کے بھی استاد ھیں اور محتاج تعارف نہیں ۔

عبدالرشید

۲۱ - مئی ۱۹۶۵ع
کراچی

به حباب اندر

۱۔ نام اور ولدیت ۲۔ ولادت اور وفات ۳۔ خاندانی حالات ۴۔ تعلیم ۵۔ ورود ہندوستان اور سیاحت ۶۔ تعلقات و روابط ۷۔ دیوان کے مختلف نسخے۔

(۱)

آمل، ایران کے شمال میں مازندران کا ایک قصبہ ہے۔ طالب آملی یہیں کا رہنے والا تھا۔ ''آتشکدۂ آذر،، (مخطوطہ کتب خانہ قومی عجائب گھر کراچی) میں لکھا ہے : ۔

''طالب از شعرائے آمل ست۔ مدتے در ہندوستان بخدمت شاہ سلیم از معتبرین بود۔ صاحب دیوان ست۔ در شاعری طرز خاصے دارد۔،،

اسی کتاب کے نسخہ مطبوعہ چاپ خانہ پیروز میں ایک جملہ یوں لکھا ہے : ''صاحب دیوان است و در شاعری طرز خاصے ، کہ مطلوب شعرائے فصیح نیست، دارد۔،، (ص ۸۷۰ : ۲)

طالب آملی کا اصل نام فہرست مخطوطات کتب خانہ خدا بخش بانکی پور میں محمد طالب آملی اور دوسرے مقام (بحوالہ تذکرہ میخانہ) پر مولانا سید محمد طالب آملی لکھا ہے۔ ہندوستان میں آنے سے پہلے کے حالات ناپید ہیں۔ درحقیقت

طالب نے ایران کو بہت چھوٹی عمر میں خیرباد کہہ دیا تھا۔ ہمارے پاس فی الحال کوئی ذریعہ نہیں کہ ان چند برسوں کے حالات پر کچھ روشنی ڈال سکیں۔ صرف اس قدر پتہ چلتا ہے کہ جب اس نے ایران چھوڑا تو کاشان، مرو، توران اور قندھار ہوتا ہوا پنجاب پہنچا۔ خود طالب کی ایک رباعی سے پتہ چلتا ہے کہ وہ ایران چھوڑنے کے بعد توران آیا :

طالب ببر از یاد پریشانی را طے کن ورق بے سروسامانی را
بکشائے زباں کہ اہل توراں بینند دستاں زنیٔ بلبل ایرانی را

ملا عبدالنبی فخر الزمانی قزوینی ''تذکرہ میخانہ،، میں لکھتے ہیں :—

''آں نادرۂ عصر، فرید زمان و وحید دوران خود است۔ آن قدر اہلیت و استعداد کہ با اوست با دیگر شعرائے ایں ایام نیست . . . آں بلبل دستاں سرا درین سال کہ سنہ عشرین و الف (۱۰۲۰) بود بدارالخلافۂ آگرہ آمد، نکتہ دانے از آمل مازندران است۔ در وطن خود بہ سن رشد و تمیز رسیدہ در مقام انتظام نظم شدہ تا سررشتۂ آں بدست آوردہ است۔ در اول جوانی و نوبہار زندگانی از مسکن خروج نمودہ بدارالمومنین کاشان آمدہ در آنجا متوطن شد و تاہل اختیار کرد۔ ابتدائے نشو و نمائے او در شہر مذکور واقع شد . . . . . بعد از اندک ترددے بشہر مرو رفت و چندے در خدمت ملکشن خان . . . . . بسر برد . . . . . بعد از انقضاء آب خورد، ہوائے سیر دارالامان ہندوستان . . . . . جلوہ گر شد،، (ص ۳۸۴)

ملا عبدالنبی بعدہ، کہتے ہیں : —

"اما چوں طالب از ملکشں خان جدا گردید، اول بار بہ قندھار آمد۔ " (ص-۳۸۶)

پھر غازی ترخان کا ذکر کر کے لکھا ہے :—

"در ہماں سال کہ سن عشرین و الف (۱۰۲۰ھ) بود بہ دارالخلافۂ آگرہ آمد" ۔ (ص-۳۸۶)

غازی ترخان، جہانگیر کی طرف سے قندھار کا حکمران تھا۔

طالب نے قندھار میں رہنے کا ذکر اپنی ایک غزل میں کیا ہے۔ جس کا ایک شعر یہ ہے : —

دلا مزاج ترا قندھار در خور نیست
بیا کہ دیدہ ام از اشک، ملک پنجاب است

اس سے پتہ چلتا ہے کہ قندھار اسے راس نہیں آیا۔ اس نے پنجاب کو پسند کیا اور قندھار سے یہاں چلا آیا۔

"نگارستان پارس" میں مولانا محمد حسین آزاد لکھتے ہیں : —

"اول اول مازندران کے حاکم، میر ابوالقاسم کی مدح میں چند قصیدے لکھے مگر وہاں ترقیٔ اقبال کے راستے مسدود دیکھ کر کاشان چلا آیا۔ اس جگہ اس کی شاعری نے بڑے پر پرزے نکالے۔ یہاں تک کہ جب زور کلام سے دل قوی دیکھا تو مرو میں آیا کہ ملکشں خان شاہ عباس صفوی کی طرف سے

یہاں حکومت کرتا تھا۔ اس کی شان میں مدحیہ قصیدے لکھے اور اپنے آپ کو اس کے دربار میں پہنچایا۔ مگر یہاں بھی خاطر خواہ معاوضۂ سخن نہ پا کر وطن کے بہانے سے ہندوستان کا رخ کیا اور ایک رباعی لکھ کر روئے ایران کو سیاہ کر کے ادھر آ گیا کہ دوبارہ نہ پھرا : —

طالب ! گل ایں چمن بہ بستاں بگذار
بگذار کہ می شوی پریشاں بگذار
ہندو نہ برد تحفہ کسے جانب ہند
بخت سیۂ خویش بایراں بگذار

طالب کے ورود ہندوستان سے پہلے کے حالات ہمیں زیادہ دستیاب نہیں ہو سکے۔ درحقیقت اس پر ابھی تک بہت کم کام ہوا ہے۔ مولانا محمد حسین آزاد کے بعد مولانا شبلی نعمانی اور ایڈورڈ براؤن نے کچھ معلومات بہم پہنچائی ہیں مگر طالب کی زندگی کے متعلق ان بزرگوں نے بھی کوئی تفصیل فراہم نہیں کی۔ براؤن کا بیان تمامتر شبلی سے مستعار ہے۔ شبلی کے بعد ایک مختصر سا مضمون صوفی غلام مصطفےٰ تبسم کے قلم سے عرصہ ہوا ''نیرنگ خیال،، میں شائع ہوا تھا۔ اس مضمون سے کچھ استفادہ شیخ محمد اکرام نے ''ارمغان پاک،، میں کیا ہے اس کتاب میں طالب کا جو انتخاب شامل ہے وہ بھی اکرام صاحب کی فرمائش پر صوفی تبسم نے فراہم کیا تھا۔ یہ انتخاب ''شعر العجم،، کے انتخاب سے مختلف ہے۔

جو نسخہ اس وقت میرے پیش نظر ہے وہ دنیا کے تمام

مخطوطوں سے زیادہ اہم ہے۔ اس کا بیان میں تفصیل کے ساتھ آئندہ صفحوں میں کروں گا۔ جب میں نے اس دیوان کی تفصیل پروفیسر آربری کو کیمبرج میں لکھ کر بھیجی اور ان سے دیگر دواوین کے متعلق دریافت کیا تو انہوں نے لکھا:

"آپ کو بلاشبہ ایک بہت دلچسپ اور قیمتی مخطوطہ مل گیا ہے۔ میں نے کتب خانوں کی فہرستیں دیکھی ہیں اور سمجھتا ہوں کہ دیوان طالب آملی نادر نہیں ہے۔ لیکن آپ کا نسخہ اگر سب سے پرانا نہیں تو ہمارے نسخے سے دو سال زیادہ پرانا ضرور ہے۔ برٹش میوزیم میں جو نسخہ موجود ہے اس پر سنہ ۱۰۴۴ھ کی تاریخ لکھی ہے۔ اس لحاظ سے یہ مخطوطہ آپ کے نسخہ سے دو سال بعد کا ہے۔ انڈیا آفس لائبریری اور کیمبرج یونیورسٹی کی بوڈلین لائبریری میں بھی اس دیوان کے چند نسخے موجود ہیں لیکن یہ سب بہت بعد کے لکھے ہوئے ہیں۔" (مکتوب بنام راقم الحروف مورخہ — ۹ جون ۱۹۵۳)

(۲)

طالب کی ولادت کے متعلق ہمارے پاس کوئی ایسا ذریعہ نہیں جس سے اس کا تعین کیا جا سکے۔ البتہ چند قرائن ایسے موجود ہیں کہ اس کی تاریخ وفات سے حساب لگا کر تاریخ پیدائش کا کچھ اندازہ کیا جا سکے۔ سب سے پہلی بات جو نظر آتی ہے وہ یہ ہے کہ طالب عین جوانی میں وفات پا گیا۔ یہ "عین جوانی" کی اصطلاح کچھ ٹھیک معلوم نہیں ہوتی۔ کیونکہ عین جوانی کا وقت سن بلوغت سے لے کر تقریباً تیس

برس تک سمجھا جاتا ہے۔ اس عمر کے بعد انسان جوانی سے نکل کر پختگی کی عمر میں داخل ہوتا ہے۔ اگر ہم یہ صحیح تصور کرلیں کہ طالب عین جوانی میں مر گیا تو پھر ہمیں یہ باور کرنا ہوگا کہ جب اس نے ایران چھوڑا تو اس وقت اس کا بچپن تھا، جو صحیح نہیں، کیوں کہ خروج ایران کے وقت وہ پختہ اشعار کہنے کا اہل تھا۔ چنانچہ ہمیں اس کے چند قصائد کا حوالہ ملتا ہے۔ جو اس نے ملکشن خان کی تعریف میں کہے۔

''شعر العجم،، جلد سوم ص ۱۷۹ پر مولانا شبلی لکھتے ہیں ''طالب نے سنہ ۱۰۳۶ھ میں یعنی جہانگیر کے مرنے سے ایک برس پہلے، عین شباب میں وفات پائی،،۔ جہانگیر کی وفات سنہ ۱۰۳۷ھ میں واقع ہوئی۔ ہمارے اس نسخہ کے اخیر میں کاتب کے ہاتھ کا لکھا ہوا ایک قطعہٴ تاریخ وفات طالب آملی موجود ہے۔ یہ قطعہ ملا صبوری مشہدی نے شاعر کی وفات پر کہا تھا۔ اس قطع سے تاریخ وفات سنہ ۱۰۳۵ھ نکلتی ہے نہ کہ سنہ ۱۰۳۶ھ، جیسا کہ مولانا شبلی نے لکھا ہے۔ قطعہ ملاحظہ فرمائیے : —

از چرخ بگو ز رفتن طالب داد
کامروز ادائے نظم از پا افتاد
تاریخ وفاتش از خرد جستم، گفت
حشرش بعلی ابن ابی طالب باد

'' آتشکدۂ آذر،، مطبوعہ چاپ خانہ پیروز میں آقائے حسن

سادات ناصری نے ایک مفصل نوٹ لکھا ہے۔ اس میں یہ قطعہ یوں درج ہے : —

داد اے فلک از مردن طالب، ہاں داد
امروز بنائے نظم از پا افتاد
تاریخ وفاتش ز خرد جستم گفت
حشرش بعلی ابن ابی طالب باد

''کلمات الشعراء،، کے ایک حاشیہ میں لکھا ہے : —

''تاریخ وفاتش 'سرش بعلی ابن ابی طالب باد، یافتہ اند،،

اس سے تاریخ وفات سنہ ۱۰۳۶ ھ نکلتی ہے۔ مندرجہ ذیل ماخذوں میں اسی کا تتبع کیا گیا ہے : —

۱ - شمع انجمن ۲ - خلاصتہ الاشعار ۳ - شعر العجم ۴ - خزانۂ عامرہ ۵ - ید بیضا ۶ - نتائج الافکار ۷ - ریاض الافکار ۸ - صحف ابراھیم ۹ - میخانہ ۱۰ - فہرست نسخہ خطی کتاب خانہ بوڈلین -

ہمارے پیش کردہ قطعہ سے اس تاریخ میں ایک سال کا فرق ہے۔ لیکن ان تمام مآخذ سے ہمارا نسخہ سب سے قدیم ہے۔ اسلئے ہم اس کو زیادہ اہمیت دیں گے۔

مرتب نے اس مادۂ تاریخ کے مصنف کا نام نہیں دیا۔ تذکرہ ''مے خانہ،، (ملا عبدالنبی مرتبہ مولوی محمد شفیع ۱۹۲۶ء ص ۳۸۸) میں لکھا ہے :

''طالب در عین شباب، سنه ۱۰۳۵ھ، یا بقول دیگر در سنه ۱۰۳۶ھ فوت شد۔ 'حشرش بعلی ابن ابی طالب باد، تاریخ شد۔ بقول ریو (679/PII)۔''
۱۰۳۵ھ

اور موت کی وجہ بحوالہ ''سرو آزاد'' یوں بیان کی ہے:۔
''کارش در آخر ایام حیات او به جنون انجامید'' گویا دماغی خلل کی وجہ سے اس کی زندگی تمام ہوئی۔ اس بیماری کی خبر ہمیں اور کسی ذریعے سے نہیں ملتی۔ شبلی نے غالباً تاریخ وفات یہیں سے لی ہے۔

''تزک جہانگیری'' سے پتہ چلتا ہے کہ جب طالب کو ملک الشعرا کا خطاب ملا تو اس وقت اس کی عمر بیس برس کی تھی۔ اور خود ملا عبدالنبی نے اس تاریخ کا تعین تفصیل کے ساتھ ان الفاظ میں ''میخانہ'' میں کیا ہے:۔

''بعد از مدتی به تقریبی که سبب آن بریں ضعیف ظاهر نیست مفارقت ز خدمت آن خان عالیشان اختیار نموده بدارالخلافهٔ آگره آمد و در مقر سلطنت جہانگیری بشرف خدمت مسند آرائے سریر وکالت و زینت دهندهٔ کرسی وزارت وزیر اعظم دارالامان مدار المہامی فرماں روای هندوستان اعتماد الدوله العلیه العالیه که دریں ایام خجسته فرجام رای عالم آرائش شمع شبستان مملکت شاهنشاهی و فکر صواب اندیشش کلید عقده کشائے جہانگیر بادشاهی است، مشرف شد۔ آن مبارک وزیر همایوں مشیر طالب آملی را در خدمت خود نگاه داشت و در صدد تربیت او شد تا نشو و نما یافت۔ بعد از اندک ایامے خود باعث

از و یاد رشد طالب گردید و آو را داخل بساط بوستان محفل عظمت و شوکت بادشاه جهان پناه آسمان جاه سلیمان دستگاه شاه نور الدین محمد جهانگیر بادشاه گردانید ۔ آن منتخب نکته سنجان دراندک زمان جوهر خویش بر فرمان روای دارالامان هندوستان شهریار جهان بخش جهان ستان ظاهر ساخت تا در رسن ثمان عشرین و الف (سنه ۱۰۲۸ ھ که سال چهاردهم جلوس جهانگیری بود) این شاهنشاه گردون اساس، این بادشاه جوهر شناس طالب را ازامثال و اقران برگزیده بخطاب ملک الشعرا مفتخر و سرفراز گردانید،،(ص-۳۸۸)

اس طویل اقتباس سے ظاهر ہے که طالب کو ملک الشعرا کا خطاب سنه ۱۰۲۸ ھ میں ملا ۔ چوں که خطاب بیس برس کی عمر میں ملا تها اسلئے لازم آتا ہے که سنه ۱۰۲۸ ھ میں اس کی عمر بیس برس کی هوگی ۔ خطاب حاصل کرنے کے بعد وہ سات برس زنده رها کیوں که تاریخ وفات قطعهٔ بالا کے مطابق سنه ۱۰۳۵ ھ ہے ۔ اور وفات کے وقت طالب کی عمر ۲۷ برس کی هوگی ۔ اگر یه قیاس درست ہے تو اس کی پیدائش سنه ۱۰۰۸ ھ میں هوئی هوگی ۔ ۱

---

(۱) اگر یه قرائن درست مان لئے جائیں تو طالب کی پیدائش اور اس کی عمر کے متعلق چند در چند مشکلات پیدا هو جاتی هیں ۔ اول یه که طالب کو ملک الشعرا کا خطاب بیس برس کی عمر میں سنه ۱۰۲۸ ھ میں ملا ۔ دوم، چونکه اس کی وفات سنه ۱۰۳۵ ھ میں واقع هوئی ، اسلئے وہ خطاب حاصل کرنے کے بعد

(باقی صفحه ۲۲ پر)

تاریخ وفات (۱۰۳۵ھ) اور تاریخ خطاب ملک الشعرا (۱۰۲۸ھ) اگر درست ھیں تو اس بات سے یہ حقیقت قطعی طور پر واضح ھو جاتی ھے کہ سنہ ۱۰۲۸ھ میں

سات برس زندہ رھا۔ سوم، طالب کی کل عمر ۲۷ برس کی بنتی ھے۔ اگر اس کی وفات سے اس کی تاریخ پیدائش کا اندازہ لگایا جائے تو سال پیدائش سنہ ۱۰۰۸ھ بنتا ھے۔

چہارم، اگر اس کی پیدائش سنہ ۱۰۰۸ھ میں دیگر قرائن کے مطابق درست ھے تو وہ ایران سے آٹھ نو برس کی عمر میں نکل آیا ھوگا۔

پنجم، اگر ایران سے چلنے کے وقت اس کی عمر اتنی کم تھی تو غازی ترخان کے ساتھ اس کے تعلقات بہت کم عمر میں ھوئے اور اس عمر میں غیر یقینی ھے کہ قصیدے اور غزلیں لکھتا چلا آیا ھو۔

یوں معلوم ھوتا ھے کہ جب طالب کو ملک الشعرا کا خطاب ملا تو اس کی عمر بیس برس برس نہیں بلکہ تیس برس ھوگی اور ملا عبدالنبی کا یہ کہنا کہ طالب کی وفات ''در عین شباب،، ھوئی، اس سے مطلب ۳۷ برس ھوگا، ۲۷ برس نہیں۔ اگر یہ قیاس درست نکل آئے تو تاریخ پیدائش سنہ ۹۹۸ھ ھوگی نہ کہ سنہ ۱۰۰۸ھ۔ مصنف ''بزم تیموریہ،، لکھتے ھیں کہ طالب نے ۱۶ برس کی عمر میں تمام علوم حاصل کر لئے

(باقی صفحہ ۲۳ پر)

طالب کی عمر بیس برس کی تھی، اسلئے وفات کے وقت، سنہ ۱۰۳۵ھ میں، اس کی عمر ستائیس برس کی ہوگی جو عین جوانی کا وقت تھا۔ اگر سنہ ۱۰۳۵ھ میں وفات کے وقت طالب ۲۷ برس کا تھا تو اس سے لازم آتا ہے کہ اس کی پیدائش سنہ ۱۰۰۸ھ کی ہو۔ لیکن اس کے مان لینے سے چند مشکلات پیش آتی ہیں جو یہ ہیں :۔

۱— اس نے ایران کس عمر میں چھوڑا ؟

۲— غازی خان ترخان سے کس عمر میں ملاقات ہوئی ؟

۳— ملکشن خان سے اس کے روابط کس عمر میں پیدا ہوئے ؟

۴— ہندوستان میں کس عمر میں پہنچا ؟

مندرجہ بالا تاریخوں سے یہ بات مان لینی پڑے گی کہ یہ

تھے۔ یقیناً یہ سب کچھ ایران چھوڑنے سے پہلے ہی کیا ہوگا اور صرف قیاس ہی معلوم ہوتا ہے۔ اگر طالب کا سال پیدائش سنہ ۹۹۸ھ ہو تو سنہ ۱۰۱۴ ھ میں اس کا ورود ہندوستان تصور کیا جا سکتا ہے۔ اس عمر میں وہ سن بلوغ کو پہنچ چکا تھا اور اس کا دماغ شاعری کے لئے تیار ہو چکا تھا۔ ورنہ اگر سنہ ۱۰۰۸ھ کے مطابق اس کی عمر کا اندازہ کیا جائے تو یہ بات قابل یقین نہیں کہ وہ آٹھ برس کی عمر میں غازی خان اور دیگر حکماء مرو و کاشان کی خدمت میں قصیدے لکھ سکتا تھا۔

تمام مراحل طالب نے آٹھ دس برس کی عمر میں طے کر لئیے ہوں گے۔ مگر یہ درست نہیں ہو سکتا۔ اتنی چھوٹی عمر میں قصائد بھی لکھ لئے اور پختگی بھی حاصل کر لی، کچھ بعید از عقل معلوم ہوتا ہے۔

''آتشکدۂ آذر،، مطبوعہ چاپ خانہ پیروز ایران ص ۸۷۱ پر لکھا ہے: ''تاریخ تولدش معلوم نیست اما احتمالاً در حدود سال ۹۹۶ھ می باشد،،۔

اگر یہ قیاس درست ہے، جیسا کہ خود ہمارا نظریہ ہے، تو وفات کے وقت طالب کی عمر تقریباً چالیس برس کی تھی۔ جو زیادہ قرین قیاس نظر آتا ہے۔

طالب کی ایک رباعی ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ بیس برس کی عمر گذرنے پر لکھی گئی ہوگی اور اس وقت ملک الشعراء کا خطاب مل چکا ہوگا۔ رباعی یہ ہے: —

در جہل گذشت سال عمرم از بیست
باید ہمہ دیدہ گشت و بر من نگریست
آں تخم نہ کشتم کہ پس از مرگ تواں
بر تربت من نوشت کیں مشہد کیست

حکیم رکنا نے، جو طالب کے خالو تھے اور جن کا ذکر آگے آ رہا ہے، اس کی وفات پر ایک رباعی کہی تھی: —

فرزند عزیز و طالب خویشم رفت
زیں واقعہ تا چہ با دل ریشم رفت

من بودم و آں عزیز در عالم خاک
خاکم بر سر کہ آنہم از پیشم رفت!

(۳)

ھمیں طالب کے آبا و اجداد کا ایران میں کچھ پتہ نہیں چلتا۔ البتہ ھندوستان میں ان کے ایک خالو، حکیم رکنا تھے جن کے والد حکیم نظام الدین علی کاشی عہد اکبری میں ھندوستان آ چکے تھے۔ اور شاھجہان کے عہد تک ان کا خاندان یہاں مقیم تھا۔ ممکن ھے طالب کے ورود کا ایک سبب یہ رشتہ بھی ھوا ھو۔ اور ان کے خالو کی کچھ اولاد طالب کی آمد کے وقت بقید حیات ھو۔ ھمیں اس کے علاوہ یہ بھی پتہ نہیں کہ طالب نے شادی ایران ھی میں کر لی تھی یا ھندوستان پہنچ کر کی۔ البتہ ''کلمات الشعراء،، کے مصنف نے اس کے خسر کا نام دیا ھے۔ وہ لکھتا ھے :

''داماد شیخ حاتم از امرایان جہانگیری مرد صاحب کمال و صاحب طبع۔،، (ص ۶۹)

اسلئے احتمال ھوتا ھے کہ طالب نے شادی ھندوستان پہنچ کر ھی کی ھوگی اور اس کا امکان یوں بھی زیادہ ھے کہ ایران کو چھوڑتے وقت وہ کم عمر تھا اور اس نے یہ ذمہ داری اپنے سر نہ لی ھوگی۔

طالب کے ھندوستانی رشتہ داروں میں جس حکیم رکنا کا نام نمایاں نظر آتا ھے وہ حکیم رکنا مسیح کاشی کے نام سے

مشہور ہیں ۔ مرزا صاحب نے شعر و شاعری میں انہیں سے تعلیم پائی تھی ۔

سید صباح الدین عبدالرحمن ''بزم تیموریہ،، میں لکھتے ہیں ''اس کا پورا نام رکن الدین مسعود اور تخلص مسیح ، کبھی مسیحا اور کبھی مسیحی تھا ۔ آبا و اجداد شیراز کے رہنے والے تھے لیکن کاشان میں توطن اختیار کر لیا تھا ۔ طبابت خاندانی پیشہ تھا، اسی لئے حکیم رکنا کاشی کے نام سے بھی شہرت پائی ۔ ایران میں شاہ عباس صفوی کا بھی ندیم خاص تھا مگر کسی سبب سے مکدر خاطر ہو کر شاہ ایران کے دربار سے قطع تعلق کر لیا اور یہ مطلع لکھا :

گر فلک یک صبحدم با من گراں باشد سرش
شام بیروں می روم چوں آفتاب از کشورش

اس کے بعد ہندوستان چلا آیا اور اکبر و جہانگیر کے خوان کرم کی زلہ ربائی کی ۔ کچھ دنوں سہابت خان اور اسکے لڑکے امان اللہ کی خدمت میں بھی رہا ۔ شاہجہان جب تخت پر بیٹھا تو حسب ذیل قطعہ لکھ کر بارہ ہزار روپے انعام میں حاصل کئے : —

بادشاہ زمانہ شاہ جہاں
خرم و شاد و کامراں باشد
بہر سال جلوس او گفتم
در جہاں باد تا جہاں باشد

۱۰۳۷

سنہ ۱۰۴۱ھ میں مشہد اقدس کی زیارت کی۔ اس کے بعد وطن کی طرف مراجعت کی اور وہیں ۱۰۶۶ھ میں وفات پائی ،،۔

حکیم کاشی کا ذکر ''مآثر الکرام،،۔ ''خزانۂ عامرہ،،۔ ''تذکرہ میخانہ،، اور ''کلمات الشعرا،، میں تفصیل سے ملتا ہے۔ میں نے یہاں صرف ''بزم تیموریہ،، کے اقتباس پر اکتفا کیا ہے۔ ''مخزن الغرائب،، میں طویل انتخابات کلام حکیم رکنا کاشی کے ملتے ہیں۔ اس کے دو بھائی، حکیم قطبا اور حکیم نصیرا، کا ذکر بھی تذکروں میں ملتا ہے۔ ''مآثر الامرا،، کا بیان ہے : —

''نصیرا و حکیم قطبا برادران حکیم رکنا بودند۔ نصیرا، خواہر طالبائی آملی، ستی خانم را در حبالۂ نکاح داشت۔ پس از مرگ طالبا، چوں ستی خانم فرزندی نداشت، دو دختر طالبا را بفرزندی قبول کرد و پرورش داد۔ بعداً کلاں را بعقد ازدواج عنایت اللہ خان مخاطب بہ عاقل خان در آورد، و خورد را بقید تزویج حکیم ضیاء الدین مخاطب بہ رحمت خان، پسر حکیم قطبا و برادر زادۂ حکیم رکنا،،۔

اس بیان سے یہ بھی صاف پتہ چل گیا کہ طالب کی دو بیٹیاں بھی تھیں۔

ستی خانم کے متعلق شاہنواز خان خوانی کے حوالے سے ''مآثر الامرا،، میں مزید مندرجہ ذیل حالات ملتے ہیں : —

''صبیحۂ پرورش کردۂ ستی خانم کہ راتق مہمات مشکوی

اعلیٰ حضرت بود در حبالۂ نکاح داشت ۔ خانم مذکور از اهالئی مازندرانست و خواهر طالب آملی که در عہد جنت مکانی بخطاب ملک الشعرائی سرفرازی یافته ۔ پس از فوت شوہر خود نصیرا برادر حکیم رکنای کاشی با مدار طالع به خدمت گاری ممتاز الزمانی امتیاز اندوخت،،

چونکه وہ ادب شناس تھی، امور خانه داری میں بھی مہارت تامه رکھتی تھی اور علم طب سے بھی باخبر تھی، نیز علم قرأت میں بھی طاق تھی، اس لئے ممتاز الزمانی کی اتالیق مقرر کی گئی ۔ ممتاز الزمانی کی وفات کے بعد اس کا تقرر بطور صدر محل قرار پایا ۔

سرخوش نے ''کلمات الشعرا،، میں بھی کچھ انتخاب دیا ہے ۔ وہ حکیم رکنا کو حکیم رکنائی مسیح کہتے ہیں ۔ اور ان الفاظ میں ان کا ذکر کرتے ہیں : —

''از امرائے صاحب سخن عہد جہانگیری بود ۔ در معنی یابی ید بیضا داشت ۔ بسیار خوش فکر است،، ۔ (ص ۱۰۶)

صاحب ''سرو آزاد،، طالب کی بہن، ستی النساء، کے متعلق لکھتے ہیں : —

'' در عہد شاهجہان مدار المہام محل، شاهی بود ،،

(۴)

''بزم تیموریه،، میں لکھا ہے که ''سولہ[1] برس کی عمر میں

---

۱ — اگر سولہ برس کی عمر میں طالب نے ان تمام علوم

(باقی صفحہ ۲۹ پر)

اس نے هندسه، منطق، هیئت، فلسفه، تصوف اور خوش نویسی میں کمال حاصل کر لیا تھا۔،، یه غالباً ایران چھوڑنے سے

کو حاصل کر لیا تھا تو اس سے یہی احتمال ہوتا ہے کہ ایران چھوڑنے سے پیشتر یہ علوم حاصل کر لئے ہوں گے۔ دوران سفر میں تو ایسی تحصیل محال ہوتی ہے۔ اس سے یہ واضح ہو جاتا ہے کہ ایران چھوڑتے وقت اس کی عمر کم از کم سولہ برس کی ہوگی۔ اب سوال یہ رہ جاتا ہے کہ اس نے ایران کون سے سال میں چھوڑا۔ اگر یہ ثابت ہو جائے تو اس کی تاریخ پیدائش کے تعین میں سہولت ہو جائے گی۔

غازی خان ترخان کے ورود قندھار کی تاریخ ''پیر ولایت شدہ مدد،، (۱۰۱۶ھ) سے نکالی گئی ہے۔ اگر اس سن میں اس کی ملاقات طالب آملی سے ہوئی تو پھر یہ باور کرنا پڑے گا کہ طالب ملاقات کے وقت آٹھ سال کا تھا، جو قرین قیاس نہیں۔ اور اگر وہ تمام علوم حاصل کر کے ایران سے نکلا ہے تو اس وقت اس کی عمر، یعنی ۱۰۱۶ھ میں، سولہ برس کی ہوگی۔ گویا پیدائش ۱۰۰۰ھ کی ہے۔ اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ اس کی عمر وفات کے وقت پینتیس برس کی ہوگی اور شبلی کا یہ کہنا کہ طالب عین جوانی میں مرا، غلط ہے۔ ملا عبدالنبی ''سے خانہ،، میں جہاں غازی خان کی وفات کا ذکر کرتا ہے، اس کے لئے ''شباب جوانی،، کے الفاظ استعمال کرتا ہے اور لکھتا ہے کہ اس کی عمر سنہ ۱۰۲۰ھ میں پچیس برس کی تھی۔

(باقی صفحہ ۳۰ پر)

پہلے کا واقعہ ہے اور جب وہ ہندوستان میں وارد ہوا تو ان تمام علوم سے مسلح تھا۔ مولانا محمد حسین آزاد ''نگارستان پارس،، میں لکھتے ہیں : —

''علوم مروجہ ابتدائی سن میں حاصل کر لئے تھے مگر طبیعت ان کے قابل نہ تھی، یا وہ علوم مادر زاد شاعر کے موافق نہ ہوئے۔ اسلئے شاعری ہی ذریعۂ عزت ٹھہرائی،،۔

خود طالب اپنے حصول علم پر ایک قصیدے میں رطب اللسان ہے :—

پا برد زمیں پایۂ اوج عشراتم
و اینک عدد فنم از لاف زیاد است
بر ہندسی و منطقی و ہیئت و حکمت
دستے است مرا کشن ید بیضاء ز عباد است
وین جملہ چو طے شد نمکیں علم حقیقت
کہ استاد علوم است، بریں جملہ مزاد است
در سلسلۂ وصف خط ایں بس کہ ز کلکم
ہر نقطہ سویدائے دل اہل سواد است
پوشم نسب شعر چو دانم کہ تو دانی
کایں پایہ مرا ثامن ایں سبع شداد است

گویا ''شباب جوانی،، اور ''عین جوانی،، کی عمر اس کے نزدیک ۲۵ برس ہے۔

قرائن بتا رہے ہیں کہ جہاں تک طالب کی عمر کا تعلق ہے۔ اس کا یہ قیافہ غلط ہے۔

مولانا شبلی نے بھی ''شعر العجم،، میں طالب کے همه گیر علم کا ذکر کیا ھے اور یه قصیده انھوں نے بھی نقل کیا ھے۔ ملا عبدالنبی صاحب ''تذکره میخانه،، طالب کا همعصر تھا۔ اور جب اس کی ملاقات طالب سے هوئی تو وه بڑا متاثر هوا۔ وه اس کی علمیت اور ذهانت کا اقرار کرتا ھے۔ اس نے لکھا ھے :

''جوانے دید بانواع هنر آراسته۔ عزیزی بملاحظهٔ غور باصناف سخنوری پیراسته۔ در فن شعرا ز امثال و اقران ممتاز و در علم سلوک مردے بے نیاز۔ چناں زود آشنا و خلیق که دریں فن نیز عدیل نداشت و در سخن فهمی و انصاف بمرتبهٔ مقید که دقیقهٔ فروگذاشت در ادراک نمودن ابیات صغیر و کبیر نمی نمود۔،، (ص ۳۸۶)

جهاں طالب نے ایک قصیدے میں اپنی تعریف کی ھے وهاں اپنے علم کے متعلق بڑی انکساری بھی ظاهر کی ھے۔ چنانچه ذیل میں چند اشعار نقل کئے جاتے هیں جن سے اسکے مذهبی رجحان کا بھی پته چلتا ھے : —

ز فیض شکرستان سخن یا رب نصیبم ده
بیان طوطیٔ دادی، زبان عندلیبم ده
غریباں را بهم ربطیست یا رب در جهاں، من هم
غریبم در صف اهل سخن، معنی غریبم ده
چو طفلاں شوخ چشم و بے ادب بودم دریں مکتب
ادیبم داده فیضے، راز آداب ادیبم ده
بجز راه سخن با دوست کافی نیست عاشق را
خدا یا با حبیب خویشتن قرب قریبم ده

خدایا نعمت دیدار می خواهم، نمی گویم
که از باغ بهشت خود ترنج و نار و سیبم ده
چو طالب طبع معنی آفرینم دادۂ یا رب
یکے در چرب گفتاری زبان دلفریبم ده

طالب مذہبی آدمی معلوم ہوتا ہے ۔ اس کی طبیعت کا میلان کسی قدر تصوف کی طرف بھی تھا ۔ چنانچہ اس کی ایک غزل سے عقیدۂ وحدت الوجود کی جھلک نظر آتی ہے ۔ کہتا ہے ۔

شریک در دو جہانیم اگرچہ بیدردیم
بلے بہ مذہب ما صوفیاں وجود یکیست
وجود کے متکثر شود بکثرت خلق
اگر بہ بحر در آید ہزار رود یکیست
ہنر ز قبلہ نما کسب کردہ ام طالب
بہ سمت دوست مرا سر یک و سجود یکیست

طالب نہ صرف مذہبی رنگ میں رنگا ہوا ہے بلکہ شریعت کا بھی پابند نظر آتا ہے ۔ چنانچہ ایک جگہ کہتا ہے : ۔

کم فروغ خرد گیر و نور شرع پذیر
کہ آفتاب شریعت بہ از ستارۂ عقل
گہی بہ مشورت شرع نیز مے کن کار
تمام عمر مرو رہ باستخارۂ عقل
مپیچ گوش ارادت ز حکم نافذ شرع
کہ در اجارۂ شرعی نہ در اجارۂ عقل

عروج پایهٔ معراج مصطفے بنگر
یکے به عذر فرود آ ازیں منارهٔ عقل
به بزم شرع چو ایمانیاں در آ طالب
مکن ز دور چو یونانیاں نظارهٔ عقل

البته طالب ملا کے مذهب سے کچھ بیزار نظر آتا هے۔ ایک شعر میں لکھتا هے : —

طالب از اسلام زاهد کس رخ فیضی ندید
زیں سبب یک عمر با کیش برهمن ساختیم

ایران سے نکلنے کے بعد طالب گھومتا گھامتا قندهار پہنچا۔ یہاں چندے مرزا غازی ترخان کی معیت میں ، جو جہانگیر کی طرف سے حکمران تھا، قیام کیا۔ معلوم هوتا هے ان دونوں کے باهمی تعلقات بڑے خوشگوار تھے۔ غازی ترخان بھی بڑا ادب شناس اور عمده شاعر تھا۔ اس کے هاں بڑے بڑے علماء اور شاعر موجود تھے۔ خود غازی ترخان ''وقاری،، تخلص کرتا تھا۔ عین جوانی میں وفات پائی۔ ''میخانه،، میں جو تاریخ درج هے، وه غلط هے۔ اس تذکرے کے مصنف کے الفاظ یه هیں : —

''مرزا ترخان در سن بیست و پنج که ایام شباب جوانی و ابتدائے نوبہار زندگانی است، در قندهار، در سن عشرین و الف (سنه ۱۰۲۰ ھ)، از ساغر مرگ مدهوش شد و چراغ عمرش خاموش گردید،، (ص ۲۲۹)

دیگر ماخذ کے مطابق سن وفات سنه ۱۰۲۱ ھ هے۔ مثلاً ''ذخیرة الخوانین،، میں وفات کا ذکر یوں کیا گیا هے :-

''درسال سنه ۱۰۲۱ ھ که رایات عالیات جہانگیر در دارالبرکته آجمیر نزول اجلال نموده، خبر فوت مرزا غازی ترخان والئی تهته بمسامع مثالیه رسید ـ مرزا رستم را تعینات تهته فرمودند،، ـ (ص)

سال وفات ''با غازی،، سے بھی نکلتا ھے اور یه بھی ''ذخیرة الخوانین ،، میں درج ھے ـ

''مقالات الشعرا،، (ص ۳۸٦) میں ذیل کے مصرعے سے تاریخ وفات نکالی گئی ھے : ـ

از دست غلام گل بروں رفت دریغ

اس تاریخ کا تعین بہت ضروری ھے کیونکه اس سے پته چلتا ھے که طالب، غازی کی وفات کے وقت هندوستان جا چکا تها کیونکه ''مے خانه،، کے بیان کے مطابق ملا عبدالنبی کی ملاقات اس سے آگره میں سنه ۱۰۲۰ ھ میں هوئی جس کا ذکر هم ابھی کریں گے ـ

همارا خیال ھے که طالب اس وقت قندهار میں موجود نہیں تها اور هندوستان چلا آیا تها ـ ورنه مرزا غازی ترخان کی وفات سے ضرور متاثر هوا هوتا کیونکه ان دونوں کے تعلقات بڑے گہرے نظر آتے هیں ـ دونوں کا قیام قندهار میں بڑا مختصر تها اور پهر دونوں کی یکجائی اس سے بھی مختصر هوگی ـ طالب نے ایک شعر میں غازی ترخان کی مدح سرائی یوں کی ھے : ـ

از میرزای غازی و طالب زمانه یافت
ممدوح تازه ای و ثناخوان تازه ای

طالب کے قندھار میں وارد ہونے کی تاریخ معلوم نہیں۔ البتہ غازی ترخان کے ورود کی تاریخ ایک شاعر نے لکھی ہے۔ جسے صاحب ''مقالات الشعرا،، نے اپنے تذکرے میں درج کیا ہے:—

تاریخ آں ز عقل چو کردم شبے سوال
بشگفت و گفت ''پیر ولایت شدہ مدد،،

سنہ ۱۰۱۶ھ

مگر غازی خان قندھار میں زیادہ عرصے تک نہ رہ سکا۔ چند امرا نے اس کے خلاف جہانگیر کے کان بھر دئے اور غلط فہمیاں پھیلا دیں۔ جہانگیر نے غازی ترخان کو لاہور طلب کیا تو یہ سترہ دن میں قندھار سے سفر کر کے لاہور پہنچا اور ان غلط فہمیوں کو بہ حسن و خوبی دور کر کے لوٹ آیا۔ اس کے واپس آنے کی تاریخ ۱۴ رجب سنہ ۱۰۱۷ھ ہے۔ مرزا کی وفات، جیسا کہ ہم لکھ آئے ہیں، ۱۱ صفر سنہ ۱۰۲۱ھ میں واقع ہوئی۔ اب یہ پتہ نہیں چلتا کہ آیا طالب غازی ترخان کی طلبی پر اس کے ساتھ چلا آیا یا اس کے بعد آیا۔ یا جب کہ غازی دوبارہ لوٹ کر آیا تو اس دوران میں وارد ہندوستان ہوا، یا اس کی وفات کے بعد ادھر آیا۔

قندھار سے چلتے وقت اس نے کونسا راستہ اختیار کیا، اس کا بھی تعین ہم ٹھیک طور سے نہیں کر سکے۔ مختلف روایات ملتی ہیں جن کو ہم درج ذیل کرتے ہیں۔ خود طالب کا ایک شعر ہے جس کا حوالہ پیچھے دیا جا چکا ہے:

دلا مزاج ترا قندھار در خور نیست
بیا کہ دیدہ ام از اشک، ملک پنجاب است

اس سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ قندھار راس نہ آنے کے سبب طالب پنجاب کے خواب دیکھ رہا تھا اور اسی کے راستے ہندوستان میں داخل ہوا۔ مگر اس کا جو تعلق غازی ترخان کے ساتھ تھا اور ان دنوں سندھ کے پایۂ تخت میں علما اور شعرا کا جو دور دورہ تھا، اس سے احتمال ہوتا ہے کہ وہ سندھ ہی میں آیا ہوگا۔ چنانچہ ''احمد گلچین معانی،، جنہوں نے حال ہی میں تذکرۂ ''میخانہ،، ایران سے شائع کیا ہے، طالب کا ذکر کرتے ہوئے، ایک حاشیہ میں تقی الدین اوحدی کے حوالہ سے لکھتے ہیں : —

''وقتی کہ از ایران بہ ہند عزم کردہ بود، در سندھ بخدمت میرزا غازی وقاری کہ حالتش مذکور خواہد شد، قیام نمود،،

ممکن ہے طالب پہلے قندھار نہ گیا ہو بلکہ ایران سے سیدھا سندھ آ گیا ہو اور بعدہ، جب غازی ترخان کا تقرر جہانگیر نے قندھار میں کیا، تو اس کے ساتھ چلا گیا ہو۔ اور اس کی وفات کے بعد پھر ہندوستان لوٹا ہو۔ اس خیال کی تصدیق ''سدا رنگی،، نے ''سندھ کے فارسی شعرا،، (انگریزی) میں اس طرح کر دی ہے کہ چونکہ ارغون اور ترخان ادبی ذوق رکھتے تھے ،اسلئے ان کے ہاں ایران کے مشہور شعرا اکٹھے ہوئے تھے جن میں طالب آملی بھی تھا۔ مگر اس بیان سے بھی دونوں پہلو نکل سکتے ہیں۔ ایک یہ کہ طالب ایران سے سیدھا سندھ آیا اور یہاں سے غازی ترخان کے ساتھ قندھار گیا اور دوسرے یہ کہ وہ ایران سے سیدھا قندھار ہی گیا جہاں غازی ترخان سے اس کی ملاقات ہوئی۔ بہرحال یقینی طور پر کچھ نہیں کہا جا سکتا۔ ''مقالات

لشعرا،، میں طالب کے متعلق یہ بھی لکھا ہے :

'' از شعرای بلاغت آئین و فصحای نزاکت آفرین است ۔ مرزا صائب و مثل وی با شاگردیش قابل ۔ به سندھ آمد ۔ خدمت مرزا غازی وقاری که مذکور شود لازم گرفت و بعد چندی به گجرات رفته ایامی با عبیدالله خان فیروز جنگ بسر برد ۔ از آنجا بدرگاه جهانگیری شتافته ملک الشعرا لقب یافت ۔ در اواخر جنون بر مزاجش طاری شده در عین جوانی درسن ست و ثلاثین و الف (سنه ۱۰۳۶ ھ) در گزشت،، (ص ۳۷۳)

''مقالات الشعرا،، کے اس بیان سے صاف طور پر ثابت ہوتا ہے که غازی ترخان کے ساتھ طالب کی ملاقات سندھ میں ہوئی ۔ اس لئے اگر ہم یہ کہیں که وہ قندھار غازی ترخان کی معیت میں گیا تھا تو غلط نہ ہوگا ۔ بہر حال جس طرح بھی واقعہ پیش آیا ہو، یہ ثابت ہے که طالب سندھ میں ضرور آیا ۔ اور اسی طرف سے ہندوستان میں وارد ہوا ۔ ''مقالات الشعرا،، کے اس بیان سے یہ بھی پتہ چلتا ہے که وہ سندھ ہی سے گجرات کی طرف گیا تھا ۔

تذکرہ ''نتائج الافکار،، مولفہ مولانا محمد قدرت الله گوپاموی ہندی میں بھی ہمیں طالب کے متعلق کچھ تفصیلات ملتی ہیں جن سے اس کے غازی ترخان کے ساتھ روابط پر روشنی پڑتی ہے ۔ گوپاموی لکھتے ہیں :

''در عنفوان شباب بوسعت آباد ہند رسید و چندی در اینجا بوده بخدمت میرزا غازی وقاری، که از حضور جہانگیر بادشاہ

بنظامت صوبه قندهار سرفرازی داشت، و بر مراعات و قدر افزائی اهل کمال نظر میگماشت، شتافت و بالطاف فراوان و نوازشات نمایاں اختصاص یافت و قصیدهٔ طولانی در مدح مرزا نگاشت و بعد وفات میرزا غازی بار ثانی به نزهت کدهٔ هند رسیده سرمایهٔ جمعیت و کامرانی اندوخت۔،، (ص ۴۳۹)

(۵)

طالب کے ورود هندوستان کا سب سے بڑا واقعه اس کا جہانگیر کے دربار سے متعارف هونا هے۔ اس نے کس ذریعه سے جہانگیر تک رسائی حاصل کی، اس کے متعلق مختلف بیانات ملتے هیں۔ ''مقالات الشعرا،، کا جو بیان ابھی نقل کیا گیا هے اس سے ظاهر هوتا هے که وه عبیدالله خان فیروز جنگ کے توسط سے جو گجرات میں تھا جہانگیر تک پہنچا۔ ملا عبدالنبی مصنف تذکره ''میخانه،، جو طالب کا هم عصر تھا، لکھتا هے :

''آن بلبل دستاں سرا در هماں سال که سن عشرین و الف بود (سنه ۱۰۲۰ھ) بدارالخلافهٔ آگره آمد۔ ایں ضعیف را مرتبهٔ اول در هند دریں ایام با او ملاقات شد،، (ص ۳۸۶)

ملا صاحب کا یه بیان ناقابل تردید هے۔ اس سے تو یه قطعاً ثابت هو جاتا هے که غازی ترخان کی وفات سے پہلے، جو سنه ۱۰۲۱ھ میں واقع هوئی، طالب قندهار سے آگره پہنچ چکا تھا۔ اگر یه درست هے تو همارا قیاس که وه غازی ترخان کی طلبی کے وقت اس کے ساتھ آیا تھا، غلط قرار پاتا هے کیونکه غازی ترخان کی مراجعت قندهار سنه ۱۰۱۷ھ میں هوئی۔

لہذا طالب اس کی وفات سے پہلے اس کو قندھار میں چھوڑ آیا تھا۔

ملا عبدالنبی ''میخانہ،، میں یہ بھی لکھتے ھیں کہ

